شوہر کے انتقال کے بعد عورت عدت کہاں گزارے؟

مصدق: مفتی فضیل رضا عطاری
مجیب: محمد سعید عطاری مدنی
تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضانِ مدینہ ستمبر 2022ء

دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ میرے بیٹے (محمد طارق) کا انتقال 22 مارچ 2022ء کو کراچی میں ہوا تھا، اس کی تدفین خانیوال پنجاب میں ہوئی۔ میری بہو کا تعلق کراچی سے ہی ہے، وہ میت کے ساتھ خانیوال آگئی تھی، اب وہ عدت کے بقیہ دن کراچی میں اپنی ماں کے گھر گزارنا چاہتی ہے کیونکہ اس کی ایک لے پالک بیٹی ہے جو اس کے بغیر رہ نہیں سکتی اور بچی کی پڑھائی کا بھی مسئلہ ہے۔ ابھی بچی کراچی میں ہی نانی کے پاس ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ سوا مہینے کے ختم کے بعد باقی عدت اپنی امی کے گھر کراچی میں کر سکتی ہے یا نہیں؟ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر عورت کچھ قدم جنازے کے ساتھ چلے تو اسے پوری عدت گزارنا لازم نہیں، حالانکہ میری بہو بھی میت کے ساتھ کراچی سے خانیوال آئی ہے تو کیا اسے پھر بھی پوری عدت گزارنی ہوگی؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں آپ کی بہو کا عدت میں سفر کرکے خانیوال آنا ہی ناجائز و حرام تھا اس پر توبہ فرض ہے کیونکہ اس کو کراچی میں اسی گھر میں عدت گزارنا ضروری تھا جس گھر میں وہ شوہر کے ساتھ رہتی تھی، اب جب غلطی کر چکی تو حکم یہی ہے کہ وہیں خانیوال میں چار مہینے دس دن (یعنی پورے 130 دن) عدت پوری کرے، جب تک عدت پوری نہ ہو جائے، اس وقت تک اس کا سفر کرنا اور اپنی ماں کے گھر عدت گزارنا جائز نہیں۔

جس طرح سفر میں کسی کے شوہر کا انتقال ہو جائے اور جس جگہ انتقال ہوا وہ شہر ہے وہاں سے واپس اپنے شوہر کے گھر کا مقام مسافت سفر پر ہے تو عورت کو وہیں شہر ہی میں عدت گزارنے کا حکم دیا جاتا ہے اگرچہ وہ وہاں سے محرم کے ساتھ واپس آنے پر قادر بھی ہو۔ اسی طرح صورتِ مسئولہ میں عورت کے لئے یہی حکم ہے وہیں شہر (خانیوال) میں عدت پوری کرکے کسی محرم کے ساتھ کراچی آئے۔

تنبیہ: عورت کا جنازے کے ساتھ چلنے اور عدت ختم ہونے والی باتیں بالکل غلط ہیں، ان کی کوئی حقیقت نہیں۔ عدت گزارنا فرض ہے، بہر صورت عدت پوری کرنی ہو گی۔ جو لوگ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں، وہ گنہگار ہیں، ان پر اس سے توبہ بھی ضروری ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net   daruliftaahlesunnat   DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat   feedback@daruliftaahlesunnat.net